


صبح سویرے اُٹھنا ہے پیارے
پوری تیاری کرلیں سارے
تاکہ سب ہوں سنگ ہمارے
دور ہے جانا، دریا کنارے



امّی، پھوپھی، چاچی اور چاچا
سب نے بنائے کھانے نیارے
ابّو جی نے خیمہ لگایا
امّی بولیں، دری بچھا لیں



ببلی دوڑ کر لائی کھلونے
راجو نے بھی کام سنوارے
دادی بولیں، دیکھ کے دوڑنا
چوٹ نہ لگ جائے تم کو پیارے



ہاتھ پکڑو اور لے لو سہارے
سب کو چاچو دریا پر لائے
دریا کی لہر ہم سے ٹکرائے
ٹھنڈا پانی شور مچائے



مِل کر کھائے مزے کے کھانے
پکوڑے گرم اور پاپڑ کرارے
ببلی بولی، سی سی، پھوں پھوں
پانی مانگیں، بچّے سارے



کشتی آئی بیٹھے سارے
بیچ میں بچّے اور بڑے کنارے
اپنا خیال رکھنا سارے
سو گئے بچّے تھکن کے مارے



شام ہوئی اندھیرا چھائے
دُور دُور سے بادل آئے
پھوپھی، چاچی، ماموں، ببلی
سب کو گھر کی فکر ستائے
مزے سے کیا سب نے سیر سپاٹا
سب کے ہو گئے وارے نیارے

# بِگ بُکس (BIG BOOKS)
# جماعت اوّل کے لیے

پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ (Pakistan Reading Project) امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کی معاونت سے چلایا جانے والا پانچ سالہ پروگرام ہے۔ جس کا مقصد پاکستان میں صوبائی اور علاقائی تعلیمی محکمہ جات کی معاونت سے طلبہ میں پڑھنے کی مہارتوں کو بہتر بنانا ہے۔ اس پراجیکٹ نے 2013 میں تدریسی مواد ترتیب دینے کا آغاز کیا تھا۔اس مواد کو تقریباً پندرہ ہزار اساتذہ نے ابتدائی جماعت اوّل میں استعمال کیا۔ پی-آر-پی نے ان اساتذہ کی دوران تربیت پیش آنے والے تجربات، تدریسی مواد کے حوالے سے درپیش مشکلات کا بغور مشاہدہ کیا۔ ان تمام جائزاتی رپورٹ کا تجزیہ کیاگیا۔ اس کے ساتھ ہی پی-آر-پی کی صوبائی و علاقائی تکنیکی ٹیم کے فیڈ بیک اور درمیانی مدّت میں طلبہ کے پڑھنے کی مہارتوں کا جائزہ پیش کرنے والی رپورٹ کا تجزیہ کیا گیا۔ان تمام نتائج کی بنیاد پر پی-آر-پی نے جماعت اوّل کے تدریسی مواد کا اعادہ کیا۔ اس مواد کا فیلڈ میں جماعت اوّل کے طلبہ کے ساتھ ٹیسٹ کیا گیا ہے۔

بِگ بُکس اسی تدریسی مواد کا ایک اہم حصّہ ہیں جو جماعت اوّل کے لیے لکھی گئ ہیں۔ یہ کتب روزانہ اساتذہ بلند خوانی کے طریقے سے پڑھنے کی مشق کریں گے۔ ایک بگ بُک ایک ہفتے کے لیے مختص ہے۔ ہر بگ بک کے پچھلے صفحے پر اساتذہ کے لیے پڑھنے کی مہارتوں سے متعلقہ سرگرمیاں دی گئ ہیں۔ بلند خوانی کے دوران اس بات کا خیال رکھا جائے کہ طلبہ کو کہانی مکمل سنائی جائے۔ ان کتابوں کو لکھتے ہوئے مختلف اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ہے مثلاً مخصوص موضوعات کا انتخاب، طلبہ کی ذہنی سطح، سادہ اور مناسب الفاظ کا چناؤ اور طلبہ کی دلچسپی کے عنصر کو برقرار رکھنے کے لیے واضح تصویری خاکے پیش کرنا وغیرہ۔

امید کی جاتی ہے کہ اس کاوش کے نتیجے میں اساتذہ طلبہ کے پڑھنے کی مہارتوں مثلاً صوتی آگاہی، علم الاصوات، ذخیرۂ الفاظ، پڑھنے میں روانی اور سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کو پروان چڑھا سکیں گے۔ خصوصاً یہ بِگ بُکس اِسکول لائبریری کا حصّہ ہوں گی تاکہ آنے والے طلبہ بھی ان کتابوں سے لطف اندوز ہوسکیں اور اُردو پڑھنے میں دلچسپی کا یہ سلسلہ جاری رہے۔

ہمیں اُمید ہے کہ پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ کی یہ کاوش پاکستان کے پرائمری اسکولوں میں پڑھنے کے معیار کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔
پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ میں مندرجہ ذیل تعلیمی اور تدریسی مواد شامل ہیں۔

- ٹی آئی جی ماڈیولز
- ویڈیوز
- بگ بکس
- سبقی منصوبے
- ورک بک
- فلیش کارڈز
- ارکان کے چارٹس



"اس تدریسی مواد کی طباعت کے دوران اسے ہر قسم کی غلطی سے مبرّا رکھنے کی بھرپور کوشش کی گئ ہے۔ تاہم اگر دوران استعمال اس میں کہیں بھی کسی قسم کی کوئی خامی/غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی آپ اس کے بارے میں فوری طور پر پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ کے ضلعی یا صوبائی/علاقائی دفاتر کو آگاہ کریں۔ آپ کے تعاون کے لیے ہم آپ کے شکر گزار رہیں گے۔"

# اساتذہ کے لیے ہدایات

## پہلا دن (بات چیت: پیش گوئی اور سابقہ معلومات)

### پڑھنے سے پہلے

طلبہ کو کہانی کا سرورق دکھاتے ہوئے پوچھیں:

» آپ کو اس تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟
» آپ کے خیال میں یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں؟ کیا آپ کبھی پکنک پر گئے ہیں؟

### پڑھنے کے دوران

» صفحہ نمبر 3 کی تصویر دکھاتے ہوئے پوچھیں، اس تصویر میں بلی کیا لا رہی ہے؟
» صفحہ نمبر 7 بچّے کشتی میں کس جگہ بیٹھے تھے؟ کیوں؟ کیا آپ بھی کبھی کشتی میں بیٹھے ہیں؟

### پڑھنے کے بعد

» بچّوں نے پکنک کے دوران کس چیز کا مزا لیا؟
» کہانی کے آخر میں کیا ہوا؟

## دوسرا دن (ارکان کی مشق)

### پڑھنے سے پہلے

» آج آپ نے کون کون سے حرف اور ارکان کی آوازیں کی سیکھیں؟"پھ"
» کیا آپ/پھ/کی آواز والے الفاظ بتا سکتے ہو ؟ پھلی، پھاٹک

### پڑھنے کے دوران

صفحہ نمبر 2 میں مصرعہ " امّی ،پھوپھی، چاچی اور چاچا" پڑھیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ اس جملے میں ایسا لفظ بتائیں۔ جس میں/پھو/کی آواز آتی ہو۔ مطلوبہ جواب: پھوپھی

» طلبہ کے ساتھ تالی بجا کر لفظ کے ارکان الگ الگ کرکے پڑھیں جیسے: پھو پھی /پھو/،/پھی/
» طلبہ سے "پھوپھی" کے ارکان کی ارکان کے چارٹ سے نشان دہی کروائیں۔

## تیسرا دن (ذخیرۂ الفاظ : اردو اور مادری/ماحول کی زبان)

### پڑھنے سے پہلے

سرورق کی تصویر" پکنک منائیں" کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھیں، آپ کی مادری/علاقائی زبان میں "کھلونوں" کو کیا کہتے ہیں؟

### پڑھنے کے دوران

» صفحہ نمبر 4 میں تتلی کی تصویر دکھاتے ہوئے، آپ کی زبان میں اسے کیا کہتے ہیں؟
» صفحہ 6 پر رک جائیں اور جملہ کو تاثرات اور لب و لہجہ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ادا کریں، "بلی بولی، سی سی پھوں پھوں پانی مانگیں بچّے بیچارے" اور طلبہ سے اُن کی زبان میں یہ جملہ ادا کرنے کے لیے کہیں۔
» صفحہ نمبر 7 میں کشتی کی تصویر دکھاتے ہوئے پوچھیں، اسے آپ گھر میں کیا کہتے ہیں؟
» صفحہ نمبر 8 میں مصرعہ "سب کو گھر کی فکر ستائے" پڑھیں اور طلبہ کو اپنی زبان میں جملہ بولنے کے لیے کہیں ؟

## چوتھا دن (چھپے ہوئے تصوّرات)

### پڑھنے سے پہلے

طلبہ کو بتائیں کہ اب ہم کہانی پڑھنا شروع کرتے ہیں۔ طلبہ کو کتاب کا اگلا اور پچھلا حصّہ دکھائیں۔ سرورق کہانی کا نام، مصنف/مصنفہ اور مصوّر/مصوّرہ کا نام پڑھیں اور تصویر کی طرف اشارہ کریں۔

### پڑھنے کے دوران

» صفحہ نمبر 4 پہلے مصرعے کے اختتام پر پوچھیں، آپ نے کہاں سے پڑھنا جاری رکھنا ہے؟
» اس تصویر میں آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

### پڑھنے کے بعد

» صفحہ نمبر 6 میں رک کر پوچھیں ، اس صفحے کا نمبر کیا ہے؟
» اس صفحے کے آخری لفظ پر انگلی رکھ کر دکھائیں؟

## پانچواں دن (ذخیرۂ الفاظ: محاورات اور اصطلاحات)

### پڑھنے کے دوران

» صفحہ نمبر 1 میں مصرعہ "تاکہ سب ہوں سنگ ہمارے" میں "سنگ " کا مطلب "ساتھ "کو استعمال کرتے ہوئے اپنی ایک مثال دیں جیسے: میں امّی کے سنگ بازار گئی۔ اب جملے بنانے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
» صفحہ نمبر 3 میں مصرعہ "راجو نے بھی کام سنوارے" کا مطلب "کام کرنا" اور طلبہ کی وضاحت کے لیے مثال دیں جیسے: میرے گھر میں امّی گھر کے سارے کام سنوارتی ہیں۔ اب طلبہ سے جملے بنانے کے لیے کہیں۔
» صفحہ نمبر 8 میں اس مصرعے کو دہرائیں "سب کے ہو گئے وارے نیارے۔" اور اپنی مثال دیں کہ امّی آئس کریم لائیں تو سب کے وارے نیارے ہوگئے ۔طلبہ سے کہیں ، اس طرح کے جملے بنائیں کہ انھیں کس چیز سے وارے نیارے ہوئے۔

## چھٹا دن (بات چیت: ذاتی زندگی سے تعلّق)

### پڑھنے سے پہلے

» آپ کے خیال میں اس نظم کا اور کیا نام ہو سکتا ہے؟
» پکنک کے لیے کیا کیا سامان ساتھ رکھنا چاہیے؟

### پڑھنے کے دوران

» ابوّ نے خیمہ کیوں رکھا؟
» اگر آپ پکنک پر جاتے تو کیا کرتے؟

### پڑھنے کے بعد

» آپ کو اس نظم میں کون سا کردار اچھا لگا ؟ کیوں؟
» اس نظم میں اور کیا کیا ہونا چاہیے تھا؟

www.pakreading.org

This publication is made possible by the support of the American people through the United States Agency for International Development (USAID). It is produced by the USAID-funded Pakistan Reading Project in collaboration with the provincial/regional government. The contents are the sole responsibility of the project and do not necessarily reflect the views of USAID or the United States Government.

اس اشاعت کی فراہمی امریکی عوام کی مدد سے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی کے توسط سے کی گئی ہے۔ یہ دستاویز یو ایس ایڈ پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ نے صوبائی/علاقائی حکومتوں کے تعاون اور اشتراک سے تیار کی ہے۔ اس اشاعت کی ذمہ داری پاکستان ریڈنگ پراجیکٹ کی ہے اور ضروری نہیں کہ یہ یو ایس ایڈ یا امریکی حکومت کے نظریے کی عکاسی کرے۔